TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 2 (2-مرزا غالب کے عادات و خصائل 2-نعت،* والد کے نام خط لکھ کر موسم گرما کی تعطیلات کیجیئے۔* ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام بیماری کی درخواست لکھئے۔* "گیڈر کی مکاری"* دکاندار اور گاہک کے درمیان مکالمہ، واحد جمع)

St. Name		Test	Urdu	T. Marks	40	Time	60 Min
F. Name		Class	9th	T. Code	U#2	T. Date	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,Cاور Dدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔**8**

1-	مرزا غالب کے نہا یت وسیع تھے:						
(A)	اخلاق	(B)	افکار	(C)	خصائل	(D)	کردار
2-	مرزاغالب دوستوں کو کن باتوں سے کبھی تنگ دل نہ ہوتے تھے؟						
(A)	بُری باتوں سے	(B)	زیادتیوں سے	(C)	فرمائشوں سے	(D)	حرکتوں سے
3-	لوگ اکثر مرزا غالب کو خط لکھتے تھے:						
(A)	محبت بھرے	(B)	دُکھ بھرے	(C)	بیرنگ	(D)	طویل
4-	امیر مینائی نے بے داغ لالہ اور بے خار گل کسے کہا ہے؟						
(A)	پھولوں کو	(B)	آنحضرتﷺ کو	(C)	صحابہ کرام کو	(D)	بزر گانِ دین کو
5-	اپنے عہدے کے قادر الکلام شاعر تھے:						
(A)	مولوی نذیر احمد	(B)	امیر مینائی	(C)	شبلی نعمانی	(D)	مولاناحالی
6-	الطاف حسین حالی----- میں پیدا ہوئے۔						
(A)	لکھنؤ	(B)	پانی پت	(C)	دکن	(D)	اعظم گڑھ
7-	رقم کی جمع ہے:						
(A)	ارقام	(B)	رقیم	(C)	رقوم	(D)	راقم
8-	ادیان کا واحد ہے:						
(A)	دن	(B)	دنیا	(C)	دین	(D)	دیوان

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4

- سُنی ہم نے طوطی و بُلبُل کی باتیں
  ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے
- جیوں تیرے در پر ، مروں تیرے در پر   یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام بھی لکھیے۔ 05

مروّت اور لحاظ مرزا کی طبیعت میں بدرجہ غایت تھا۔ باوجودیکہ اخیر عمر میں وہ اشعار کی اصلاح دینے سے بہت گھبرانے لگے تھے، بایں ہمہ کبھی کسی کا قصیدہ یا غزل بغیر اصلاح کے واپس نہ کرتے تھے۔ ایک صاحب کولکھتے ہیں: " جہاں تک ہوسکا، احباب کی خدمت بجالایا اور اوراقِ اشعار دیکھتا تھااور اصلاح دیتا تھا۔ اب نہ آنکھ سے اچھی طرح سُو جھے اور نہ ہاتھ سے اچھی طرح لکھا جائے

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھیے۔

1) مرزاغالب کیسے اخلاق کے مالک تھے؟
2) صبا کہاں سے آتی ہے؟
3) مرزا غالب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟
4) دوستوں کو دیکھ کر غالب کی حالت کیا ہوتی تھی؟
5) پھولوں میں کس کی خوشبو ہے؟
6) "نعت" میں شاعر کس آرزو کا اظہا ر کر رہا ہے؟

سوالنمبر5: سبق" مرزا غالب کے عادات و خصائل " کا خلاصہ لکھیے۔ 05

سوالنمبر6: والد کے نام خط لکھ کر موسم گرما کی تعطیلات کا ذکر کیجیے۔ 10

یا

ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام بیماری کی درخواست لکھئے۔